PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# برمنگھم کامن ویلتھ گیمز کے لیے قومی خواتین اسکواڈ کا اعلان

**کراچی، 31 مئی 2022ء:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی چیف سلیکٹر نے برمنگھم کامن ویلتھ گیمز کے لیے قومی خواتین اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ اسماویہ اقبال نے سری لنکا کے خلاف ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز میں کلین سوئیپ کرنے والے قومی خواتین اسکواڈ کو برقرار رکھا ہے۔ یہی اسکواڈ کامن ویلتھ گیمز سے قبل آئرلینڈ میں شیڈول سہ فریقی خواتین کرکٹ سیریز میں بھی شرکت کرے گا۔

چیف سلیکٹر نے قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان بسمہ معروف اور ہیڈ کوچ ڈیوڈ ہیمپ کی مشاورت کے بعد اسکواڈ کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔

ان دونوں ایونٹس کے لیے اعلان کردہ 15 رکنی اسکواڈ کے علاوہ تین ریزرو کرکٹرز غلام فاطمہ، امِ ہانی اور صدف شمس بھی شامل ہیں۔

پاکستان، آئرلینڈ اور آسٹریلیا کی خواتین ٹیموں کے مابین سہ فریقی ٹی ٹونٹی سیریز 16 سے 24 جولائی تک بیلفاسٹ میں کھیلی جائے گی۔ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اپنے تین میچز 29، 31 جولائی اور 3 اگست کو بالترتیب بارباڈوس، بھارت اور آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گا۔

اس سلسلے میں قومی خواتین کرکٹ اسکواڈ کا تربیتی کیمپ یکم سے 11 جولائی تک ہاؤس آف ناردرن اسلام آباد میں لگایا جائے گا، جبکہ اسکواڈ 12 جولائی کو برطانیہ روانہ ہوجائے گا۔

**اسماویہ اقبال، چیف سلیکٹر قومی خواتین کرکٹ:**

چیف سلیکٹر قومی خواتین کرکٹ کا کہنا ہے کہ سری لنکا کے خلاف کامیابی کے بعد انہوں نے اگلی دونوں اسائنمنٹس کے لیے فاتح اسکواڈ کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نہ صرف سینئر کھلاڑیوں بلکہ عمدہ صلاحیتوں کی حامل نوجوان کرکٹرز نے بھی سری لنکا کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اسماویہ اقبال نے کہا کہ طوبیٰ حسن کا انٹرنیشنل ڈیبیو شاندار رہا، مستقبل میں ان کی لیگ اسپن باؤلنگ ایک مؤثر ہتھیار ثابت ہوسکتی ہے۔ عائشہ نسیم نے بھی اپنی ہارڈ ہٹنگ صلاحیتوں کی بدولت سری لنکا ویمنز کے خلاف دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ آئرلینڈ میں شیڈول سہ فریقی سیریز اور برمنگھم کامن ویلتھ گیمز قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی نوجوان کھلاڑیوں کے لیے امتحان ہوں گے، انہیں یقین ہے کہ قومی خواتین کرکٹرز ان کی توقعات پر پورا اترنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔

**تانیہ ملک، سربراہ ویمنز کرکٹ:**

پاکستان ویمنز کرکٹ کی سربراہ تانیہ ملک نے کہا کہ سری لنکا کے خلاف ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر وہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتی ہیں، انہیں یقین ہے کہ قومی خواتین کرکٹرز مہمان ٹیم کے خلاف آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کے میچز میں بھی اسی عمدہ کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں گی۔

انہوں نے کہا کہ بسمہ معروف کی فیملی کی گیم ویلج میں ٹھہرنے کی درخواست منظور کرنے پر وہ کامن ویلتھ گیمز کی انتظامیہ کی مشکور ہیں۔

**اسکواڈ:**

بسمہ معروف (کپتان)، ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء، گل فیروزہ (وکٹ کیپر)، ارم جاوید، کائنات امتیاز، منیبہ علی صدیقی (وکٹ کیپر)، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، سعدیہ اقبال اور طوبہٰ حسن۔

**پاکستان کے میچز:**

**بیلفاسٹ میں سہ فریقی سیریز:**

16 جولائی- بمقابلہ آسٹریلیا

19 جولائی- بمقابلہ آئرلینڈ

23 جولائی- بمقابلہ آسٹریلیا

24 جولائی- بمقابلہ آئرلینڈ

**برمنگھم میں کامن ویلتھ گیمز:**

29 جولائی- بمقابلہ بارباڈوس

31 جولائی- بمقابلہ بھارت

3 اگست- بمقابلہ آسٹریلیا

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS
Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre




Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial